**02.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... نتیکا تیاگی

**Music**

-----------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک کی تیزی سے بدلتی ہوئی اُمنگوں کی خاطر حکمرانی کے ایک ایسے ماڈل کی ضرورت ہے، جو مؤثر اور شہریوں پر مربوط ہو۔ انہوں نے 'کرم یوگی سادھنا سپتاہ' سے خطاب کیا۔

☆ حکومت نے مغربی ایشیاء جنگ کے سبب عالمی سپلائی چین میں رُکاوٹ کے درمیان 40 اہم پیٹروکیمیکل اشیاء پر کسٹم ڈیوٹی میں 30 جون تک مکمل چھوٹ دی ہے۔

☆ دفاعی برآمدات گزشتہ مالی برس میں اب تک کی سب سے اونچی سطح 38 ہزار 424 کروڑ روپے تک پہنچ گئیں۔

☆ سپریم کورٹ نے مالدہ میں SIR مہم کے دوران عدلیہ کے 7 افسران کا گھراؤ کرنے کیلئے مغربی بنگال انتظامیہ کی نکتہ چینی کی ہے۔ اُس نے انتخابی کمیشن کو مرکزی تحقیقات کرانے کی اجات دی ہے اور مرکزی فورسز کی تعیناتی کا حکم دیا ہے۔

☆ مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

☆ اور، IPL کرکٹ میں آج شام میزبان کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ سنرائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-KARAMYOGI**

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کی تیزی کے ساتھ بدلتی ہوئی اُمنگوں کا تقاضا ہے کہ حکمرانی کا ایک ایسا ماڈل ہو، جو نہ صرف مؤثر ہو، بلکہ اس میں شہریوں کو مرکزی حیثیت حاصل رہے۔ جناب مودی نے

’’کرم یوگی سادھنا سپتاہ 2026 ‘‘ سے خطاب کرتے ہوئے ایک ویڈیو پیغام میں یہ بات کہی۔

**1400-PM Karamyogi**

وزیر اعظم نے کہا کہ آج 'Nagrik Devo Bhava' کے منتر سے حکمرانی کیلئے رہنمائی ملتی ہے، جس میں عوامی خدمت کو اور زیادہ باصلاحیت، حساس اور شہریوں پر توجہ مرکوز کرنے والا بنانے پر خاص دھیان دیا جاتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ صلاحیت سازی سے متعلق کمیشن اور مشن کرم یوگی، ہر بھارتی کی اُمنگوں کے ساتھ ہم آہنگ ہوتے ہوئے جدید، مخصوص اور فوری اقدامات کرنے والی افرادی قوت تیار کرنے کیلئے اہمیت کے حامل ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت صرف بنیادی ڈھانچے اور ٹکنالوجی کی بنیاد پر ہی نہیں بنایا جائے گا، بلکہ اس کا دارومدار ہُنرمند اور مخصوص انسانی وسائل پر بھی ہوگا۔ وزیر اعظم نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ رہن سہن میں سہولت اور معیارِ زندگی کو بہتر بنانا، حکمرانی میں ابتدائی توجہ کا مرکز ہونا چاہیے۔

**1400-PM On Public Service**

**<u>GOVT-PERTROCHEMICAL SUSTOMS DUTY</u>**

سرکار نے، مغربی ایشیاء میں جاری جنگ اور عالمی سپلائی نظام میں رکاوٹ پڑنے کے تناظر میں 40 اہم پیٹرو کیمیکل اشیاء پر اس سال 30 جون تک کسٹمز ڈیوٹی سے پوری چھوٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ یہ قدم ایک عارضی اور مخصوص راحت پہنچانے کے طور پر اُٹھایا گیا ہے تاکہ اندرونِ ملک صنعت کیلئے اہم پیٹرو کیمیکل اشیاء کی لگاتار دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔×

**<u>SCINDIA-INDIA POST</u>**

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے آج کہا ہے کہ انڈیا پوسٹ، ملک میں ایک اہم لاجسٹکس پاور ہاؤس بننے کیلئے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور یہ 2030 تک عالمی سطح پر ایک اہم کردار ادا کرنا چاہتا ہے۔ وزیرِ موصوف نے یہ بات نئی دلّی میں ڈاک تربیتی مرکز PTC سہارنپور کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ جاری کرتے ہوئے کہی۔ اِس دن کو ایک تاریخی دن قرار دیتے ہوئے، انہوں نے 75 سال پرانے اِس تربیتی مرکز کی ستائش کی، جس نے ہزاروں ڈاک ملازمین کو خدمت، کارکردگی اور ’’ملک پہلے اور خدمت پہلے‘‘ کا جذبہ پیدا کرنے میں مدد کی۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ PTC سہارنپور جیسے اداروں نے گذشتہ 75 برس کے دوران تقریباً ڈھائی لاکھ ڈاک ورکروں کو تربیت دی ہے۔ ہر سال تقریباً 30 ہزار تربیت یافتہ افراد یہاں سے نکلتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ PTC محض ایک عمارت نہیں ہے بلکہ یہ ایک ایسی جگہ ہے، جہاں تاریخ رقم کی جاتی ہے اور جہاں ملازمین کو ملک کی خدمت کیلئے لگن سے بھرپور کرم یوگی بنایا جاتا ہے۔

**SB - Jyotiraditya Scindia**

تقریب کے دوران گوا کی سرکار اور کوچن بندرگاہ اتھارٹی نے پنشن کی اکاؤنٹنگ اور مینجمنٹ کے نظام میں شامل ہونے کیلئے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔x

**NAIDU AVIATION SAFETY**

شہری ہوا بازی کے وزیر، کے رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ شہری ہوا بازی سے متعلق سلامتی کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ آج لوک سبھا میں وقفہٗ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، جناب نائیڈو نے کہا کہ ہر ملک پروازوں کی سلامتی سے متعلق اعلیٰ ترین معیارات برقرار رکھنے کی لگاتار کوششیں کررہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سیفٹی سے متعلق رہنما خطوط اور پروٹوکولز، شہری ہوا بازی کا بین الاقوامی ادارہ تیار کرتا ہے، جہاں بہت سے ممالک، عالمی معیارات طے کرنے کیلئے اکٹھا ہوتے ہیں۔x

**LS-PREPAID METER**

بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے واضح کیا ہے کہ **Prepaid** الیکٹرک اسمارٹ میٹر سبھی صارفین کیلئے لازمی نہیں ہیں۔ وزیرِ موصوف آج لوک سبھا میں وقفہٗ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر صارفین **Prepaid** اسمارٹ میٹر لگواتے ہیں تو اِس سے نہ صرف صارفین کو بلکہ ریاستوں اور بجلی کمپنیوں کو بھی فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کئی ریاستوں نے اسمارٹ **Prepaid** میٹرس لگائے ہیں۔ وزیرِ موصوف نے یہ بھی واضح کیا کہ **Prepaid** الیکٹرک اسمارٹ میٹرس صارفین پر زبردستی تھوپے نہیں جارہے ہیں، یہ اُن کی مرضی پر منحصر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جہاں بھی **Prepaid** نظام نافذ کیا گیا ہے، کمپنیوں کو نقصانات کے بجائے فائدہ ہورہا ہے۔ وزیرِ موصوف نے یہ بھی بتایا کہ فی الحال بجلی کی ترسیلی کمپنیوں کے نقصانات تقریباً سات لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں۔x

**DEFENCE EXPORTS-DATA**

مالی سال **2025-26** میں دفاعی برآمدات اب تک کی سب سے اونچی سطح **38** ہزار **424** کروڑ روپے تک پہنچ گئیں۔ گزشتہ مالی سال میں یہ **23** ہزار **622** کروڑ روپے تھیں۔ دفاعی برآمدات میں **14** ہزار **802** کروڑ روپے سے زیادہ اور **62** اعشاریہ چھ چھ فیصد کے اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔

وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اس حصولیابی میں سرکاری شعبے کی دفاعی کمپنی اور نجی شعبے نے بالترتیب **54** اعشاریہ آٹھ چار فیصد اور **45** اعشاریہ ایک چھ فیصد کا تعاون کیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس اضافے سے اس بات کی بھی عکاسی ہوتی

ہے کہ بھارت میں تیار دفاعی سازو سامان کو عالمی سطح پر تسلیم کئے جانے میں اضافہ ہوا ہے۔ اس حصولیابی کی ستائش کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا کہ بھارت دفاعی سازوسامان کی تیاری کا ایک عالمی مرکز بننے کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت بھارت دفاعی برآمدات میں کامیابی کی داستان لکھ رہا ہے۔

**SC WEST BENGAL**

سپریم کورٹ نے مغربی بنگال کے مالدہ ضلعے میں اُس واقعے کا سخت نوٹس لیا ہے، جہاں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرِثانی SIR کے کام میں مصروف سات عدالتی عہدیداروں کو یرغمال بنا لیا گیا۔ عدالت نے اِس واقعے کو افسوسناک قرار دیا ہے۔ عدالت نے ریاست کے داخلہ سکریٹری، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور دیگر عہدیداروں سے کارروائی نہ کرنے پر جواب طلب کیا ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس Joymalya Bagchi اور جسٹس Vipul M. Pancholi پر مشتمل ایک بینچ نے چناؤ کمیشن کو اِس بات کی اجازت دے دی ہے کہ وہ اِس افسوسناک واقعے کی CBI یا NIA سے جانچ کرائے۔

سپریم کورٹ نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ یہ واقعہ جان بوجھ کر اور عدالتی افسروں کا حوصلہ پست کرنے اور وہاں جاری انتخابی عمل میں رخنہ ڈالنے کی غرض سے انجام دیا گیا ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ ریاست کی قانون و انتظام کی مشینری ناکام ہوگئی ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس نے اِس معاملے میں تاخیر سے کارروائی کرنے پر، ریاستی عہدیداروں کی سخت نکتہ چینی کی۔ اِس واقعے کو پہلے سے سوچا سمجھا قرار دیتے ہوئے، سپریم کورٹ نے چناؤ کمیشن کو ہدایت دی کہ وہ CBI یا NIA سے اس کی جانچ کرائے اور عدالتی افسروں کی سلامتی کو فوراً یقینی بنائے۔ ساتھ ہی اگر ضرورت ہو تو مرکزی فورسز تعینات کی جائیں۔ اُدھر کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی طرف سے موصولہ ایک مراسلے کے جواب میں چیف سکریٹری، DGP، ضلع مجسٹریٹ اور SSP کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ یہ بتائیں کہ اُن کے خلاف کارروائی کیوں نہ کی جائے۔ اِن سبھی عہدیداروں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ 6 اپریل کو شام چار بجے ورچوئل طریقے سے حاضر ہوں۔x

**WB-NOTIFICATION**

مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے آج نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی، پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ اس مرحلے میں، 142 حلقوں کیلئے پولنگ اس مہینے کی 29 تاریخ کو ہوگی۔ امیدوار 9 اپریل تک اپنے پرچہ نامزدگی داخل کراسکتے ہیں۔ اگلے دن داخل کئے گئے پرچوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ نام واپس لینے کی آخری تاریخ 13 اپریل ہے۔

ریاست میں، پہلے مرحلے کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل بھی زور وشور سے جاری ہے۔ اس مرحلے کیلئے 6 اپریل تک پرچہ نامزدگی داخل کئے جاسکتے ہیں۔ پہلے مرحلے کیلئے پولنگ 29 اپریل کو ہوگی۔ اس دوران، آسام، کیرالم اور پدوچیری

میں چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ آسام میں 126 حلقوں، کیرالم میں 140 حلقوں اور پدوچیری کے 30 حلقوں کیلئے واحد مرحلے کے تحت 9 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔×

**HANUMAN JAYANTI**

آج ہنومان جینتی، ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ یہ دن بھگوان ہنومان کے جنم کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ قومی راجدھانی دلّی میں عقیدتمند، بڑی تعداد میں پوجا ارچنا کیلئے صبح سویرے سے ہنومان مندروں میں جارہے ہیں۔ کناٹ پیلس میں واقع پراچین ہنومان مندر میں لوگوں کی کثیر تعداد دیکھی جارہی ہے۔

اتر پردیش میں بھی عقیدتمند بڑی تعداد میں پوری ریاست میں ہنومان مندروں میں اکٹھا ہورہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور وزیر داخلہ امت شاہ نے اس موقع پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL میں، آج شام کولکاتا میں ایڈن گارڈنس میں، کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ سنرائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل لکھنؤ میں، بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی ایکانا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں، ڈیلی کیپٹلز نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ مذکورہ میچ ٹورنامنٹ کا پانچواں میچ تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆